بالغ افراد کے تحفظ کی سروسز (APS) تحقیقات
حقائق نامہ
Adult Protective Services (APS) Investigations Fact Sheet

بالغ افراد کے تحفظ کی سروسز (APS) ایک ایسی رپورٹ پر تفتیش کر رہا ہے، جس کے مطابق آپ نے شاید ایک غیر محفوظ بالغ کے ساتھ بدسلوکی یا غنڈہ گردی کی ہے، اس کا مالی طور پر استحصال کیا ہے یا اسے نظر انداز کیا ہے۔ یہ دستاویز آپ کو تفتیش کے عمل، آپ کے حقوق اور دیگر اہم معلومات کے بارے میں مطلع کرنے کے لیے ہے۔ تفتیش کے حصے کے طور پر، APS الزام (الزامات) سے متعلق ریکارڈز کا جائزہ اور لوگوں سے انٹرویو لے گا۔

اس تفتیش کا نتیجہ آپ کے لیے شدید مسائل کا باعث بھی بن سکتا ہے۔
براہ کرم اسے احتیاط سے پڑھیں۔

آپ کا کیس درج ذیل تفتیش کار کو تفویض کیا گیا ہے:
ان سے یہاں رابطہ ہو سکتا ہے:

میرے حقوق کیا ہیں؟

- انٹرویو کے لیے آپ ایک فریق ثالث (مثلاً کوئی دوست، وکیل، یونین کا نمائندہ، خاندان کا فرد یا سرپرست) بھی اپنے ساتھ لانے کا حق رکھتے ہیں۔
- اگر انگریزی آپ کی بنیادی زبان نہ ہو، تو آپ کو ایک ترجمان مفت حاصل کرنے کا حق حاصل ہے (APS آپ کو آپ کے خاندان کا کوئی فرد بطور ترجمان استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیتا)۔
- آپ کے پاس انٹریوں میں نہ شرکت کرنے، اسے رکوانے یا دوبارہ سے شیڈیول کرانے کا حق بھی موجود ہے۔
- آپ کو APS کو الزامات سے متعلق دستاویزات یا گواہان فراہم کرنے کا حق حاصل ہے۔

APS مجھے تفتیش کے نتیجے کے بارے میں کس طرح مطلع کرے گا؟

- APS ان ثبوتوں کی بنیاد پر فیصلہ کرتا ہے جو APS نے تفتیش کے دوران جمع کرتا ہے۔ APS درج ذیل قسم کے فیصلے کرتا ہے:
  - **ثابت شدہ:** زیادہ امکان ہو کہ مبینہ واقعہ پیش آیا ہے
  - **غیر ثابت شدہ:** زیادہ امکان ہو کہ مبینہ واقعہ پیش نہیں آیا
  - **غیر نتیجہ خیز:** اس بات کا تعین نہ کیا جا سکتا ہو کہ مبینہ واقعہ پیش آیا ہے یا نہیں آیا۔
- اگر APS کو واقعہ پیش آنے کے امکان زیادہ لگتا ہو، تو APS آپ کو ایک تصدیق شدہ اور باقاعدہ میل کے ذریعے ایک خط بھیج کر مطلع کرے گا۔
- اگر APS کو واقعہ پیش آنے کے امکان کم لگتا ہو، تو APS آپ کو زبانی طور پر مطلع کرے گا۔ اگر آپ چاہیں، تو APS آپ کو ایک خط بھی بھیج سکتا ہے۔
- اگر APS یہ تعین نہ کر سکتا ہو کہ مبینہ واقعہ پیش آیا ہے یا نہیں، تو APS آپ کو زبانی طور پر مطلع کرے گا۔ اگر آپ چاہیں، تو APS آپ کو ایک خط بھی بھیج سکتا ہے۔
- اگر APS کے پاس آپ کا موجودہ پتہ دستیاب نہ ہوا، تو یہ آپ کے غلط پتہ پر خط بھیج دے گا، جس کی وجہ سے آپ سے اہم ڈیڈ لائنز چھوٹ سکتی ہیں۔

ثابت شدہ دریافت سے کیا مراد ہے؟

اگر APS فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کی طرف سے کی گئی بدسلوکی، غنڈہ گردی، مالی استحصال یا نظر انداز کرنے کا فعل "ثابت شدہ" ہے اور آپ اس دریافت سے اختلاف رکھتے ہوں، تو آپ ایک سماعت کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔ اگر سماعت کے اختتام تک APS کی طرف سے یہ فیصلہ برقرار رکھا گیا ہو، تو آپ کا نام ایک رجسٹری پر رکھ دیا جائے گا۔

رجسٹری پر ہونے سے مراد یہ ہے کہ آپ کسی بھی ایسی جگہ پر کام کرنے یا رضاکارانہ خدمات انجام دینے کے قابل نہیں ہو سکیں گے، جہاں آپ کا غیر محفوظ بالغوں یا بچوں سے غیر نگرانی شدہ رابطہ ہو سکتا ہو۔ فی الوقت رجسٹری سے آپ کا نام ہٹانے کا کوئی طریقہ موجود نہیں ہے۔

کیا میں APS کے فیصلے کو چیلنج کر سکتا ہوں؟

- اگر APS یہ فیصلہ کرتا ہے کہ مبینہ حادثہ **غیر ثابت شدہ** یا **غیر نتیجہ خیز** ہے، تو آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں۔
- اگر APS فیصلہ کرتا ہے کہ مبینہ حادثہ **ثابت شدہ** ہے اور اگر آپ اس سے اختلاف رکھتے ہوں، تو آپ ایک سماعت کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔ APS کا خط آپ کو بتائے گا کہ یہ کیسے کرنا ہے۔

سماعت کی درخواست کرنے کے لیے، ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے نوٹس کا خط میل کیے جانے یا آپ کو بالمشافہ طور پر پیش کیے جانے، جو بھی پہلے ہو، کے بعد آپ کے پاس 30 تقویمی دنوں کے اندر آخری دن کی شام 5:00 بجے تک کا وقت موجود ہوتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے

آپ APS کے بارے میں مزید معلومات آن لائن:
https://www.dshs.wa.gov/altsa/adult-protective-services-aps پر حاصل کر سکتے ہیں۔